Rufi Lake Drive
Residents Welfare Association

BLOCK F, RUFI LAKE DRIVE, BLOCK 18, GULISTAN-E-JAUHAR, KARACHI.
Registered under Societies Act XXI of 1860 KAR No. 0376/99
www.rufilakedrive.com - Phone: 021 34010030

الیکشن 2024

14 اپریل 2024

تمام رہائشیوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کی ویلفئیر ایسو سی ایشن کے انتخابات ہونے جا رہے ہیں۔ الیکشن کی تاریخ عدالت کے حکم سے مشروط ہے۔ اس سلسلہ میں تمام احباب جو الکشن میں حصہ لینا چاہتے ہیں یونین کے بائی لاز کا مطالعہ کرلیں کہ وہ بائی لاز کی شقوں پر پورا اُترتے ہیں جس کے تحت:

1. آپ یونین کے باقاعدہ ممبر ہیں اور آپ نے ممبرشپ فارم مکمل کوائف کے ساتھ جمع کرا دیا ہے۔
2. آپ کے فلیٹ کے بقایاجات / ڈیوز کی ادائیگی اپ ٹو ڈیٹ ہے۔
3. ڈیفالٹر الیکشن میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔ ڈیفالٹر ووٹ دینے کے لئے بھی نا اہل ہیں۔
4. آرٹیکلز آف ایسوسی ایسن کی شِق نمبر تین میں واضح طور پر درج ہے کہ تین ماہ سے زیادہ مدت کے سروس چارجز؛ اور شِق نمبر آٹھ کے تحت منیجنگ کمیٹی اور جنرل باڈی سے منظور شدہ واجبات (الیکٹرک چارجز، بورنگ چارجز، کلر چارجز اور لِفٹ چارجز جہاں-لِفتیں تبدیل ہو چُکی ہیں) تین ماہ سے زیادہ مدت تک ادا نہ ہونے کی صورت میں ممبر شپ معطل ہو جاتی ہے اور نادہندہ سہولتوں کا حقدار نہیں رہتا۔ تمام نادہندگان کو یاددہانی کے نوٹس فرداً فرداً ،باقاعدگی سے بھیجے جاتے ہیں اور ڈیفالٹرز کی لِسٹیں بھی ہر ماہ جاری کی جاتی ہیں۔
5. جو ڈیفالٹر نہیں ہیں وہ فوری طور پر مقررہ فارم پُر کر کے، اکاؤنٹس آفس سے، نو ڈیوز سرٹیفیکیٹ (NDC) حاصل کر لیں۔
6. ڈیفالٹر فوری طور پر اپنے واجبات ادا کر کے کلئرنس سرٹفکیت حاصل کر لیں۔
7. کرایہ دار الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتے۔ صرف مالکان الیکشن میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔
8. ممبرشِپ فارم پُر کرنے کے بعد، کلیرنس سرٹفکیٹ دکھا کر الیکشن فارم آفس سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
9. تمام متعلقه فارم اور الیکشن میں حصہ لینے کے خواہش مندوں کا ریکارڈ اور ڈیفالٹرز کی لِسٹ، عدالت میں پیش کر کے عدالتی عملے / رجسٹرار کی خدمات کی دستیابی کے لحاظ سے الیکشن کی تاریخ کا اعلان کیا جائیگا۔
10. عدالتی عملے اور رجسٹرار نگرانی کی خدمات کے سلسلے میں جو بھی خرچہ ہوگا وہ انتخاب میں حصہ لینے والوں پر برابر تقسیم کر کے وصول کیا جائیگا۔

انتظامیہ اُمید کرتی ہے کہ رہائشی حضرات زیادہ سے زیادہ تعداد میں الیکشن پراسس میں بھرپور حصہ لیکر اپنے نمائندے منتخب کریں گے جو پُر خلوص طریقے سے پروجیکٹ کی فلاح و بہبود اور انتظامات چلا کر پروجیکٹ کو بام عروج پر پہنچا دیں گے۔

ایسوسی ایشن کے بائی لاز ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ ممبر شپ فارم بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ممبر شپ فارم کی کاپی آفس سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اسٹیٹ منٹ آف اکاؤنٹ کا فارم بھی آفس میں جمع کرا کے مکمل اسٹیٹمنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

ایسوسی ایشن کی ممبرشپ، ڈیوز کلئیرنس سرٹفکیٹ اور الکیش فارم کا پراسس زیادہ سے زیادہ 26 اپریل 2024 تک مکمل کر لیں تاکہ ممبرشپ کی مکمل فہرست اور ڈیوز کلئیرنس کی رپورٹ 29 اپریل 2024 کو عدالت میں جمع کرا دی جا ئے۔

تعاون کا شکریہ۔

بدرالزماں خان
جنرل سیکرٹری

دردمندانہ اپیل:

صرف اُن لوگوں کو منتخب کریں جن کا دعویٰ ہے کہ بجلی کے بلوں میں بے تحاشہ اضافہ اور مہنگائی میں ہوش رُبا اضافہ کے باوجود وہ تین ہزار ماہانہ میں پروجیکٹ کو بخوبی چلا سکتے ہیں۔ 12 بلاکوں میں میٹھا پانی روزانہ کی بنیاد پر وافر اندار میں پہنچا سکتے ہیں۔ بورنگ کے پانی سے پروجیکٹ کی جان خلاصی کر سکتے ہیں۔ صفائی کا نظام، سیکورٹی اور لِفٹوں کا نظام، بغیر کسی اضافہ کے، جاری رکھ سکتے ہیں۔ ڈیفالٹروں سے یقینی وصولی کر سکتے ہیں۔ بے غرض اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے والوں کی کمی نہیں ہے۔ آپ دیکھئے، پرکھئے اور بہترین نمائندوں کا انتخاب کیجئے۔ اس میں ہم سب کی بھلائی ہے۔